اللغد اونٹوں کو راستے پر لانا۔
اللغط کبوتر یا بھٹ تیتر کا غوں غوں کرنا۔

اللغف تیز نظر سے دیکھنا۔
اللغم اونٹ کا جھاگ ڈالنا / منہ چومنا / منہ پر خوشبو لگانا۔
اللفح تلوار سے مارنا۔
اللفخ سر پر مارنا۔
اللقح نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا / پیوند لگانا / قلم لگانا۔
اللقع پھینکنا / نظر بد لگانا / سانپ کا ڈسنا / عیب لگانا / تیزی سے گزر جانا۔
اللکع بچھو کا ڈسنا / سخت سست کہنا۔
اللمح نظر کا اٹھنا / چوری سے دیکھنا۔
اللمع چرنا / گردن پر داغنا۔
— ضرع الناقۃ تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا۔
— بیدہ اشارہ کرنا۔
— الباب دروازے سے نکلنا۔
اللہب آگ کا بھڑکنا۔
اللہد بوجھل کرنا / دبانا۔
اللہز قوم میں مل جل جانا۔
— ضرع امہ بچے / ماں کے پ

—فلانًا مکّا مارنا۔
اَللَّهْسُ چاٹنا / بچے کا اپنی ماں کے پستان کو بے چوسے ہوئے چاٹنا۔
—علی الطعام کھانے پر بھیڑ کرنا۔
اَللَّهْطُ تھپڑ مارنا۔
اَللَّهْقُ بہت سفید ہونا۔
اَلْمَتْحُ کنویں سے پانی نکالنا۔
اَلْمَتْهُ ڈول نکالنا۔
اَلْمَجْحُ تکبر کرنا / فخر کرنا۔
اَلْمَحْتُ کسی کو بہت غضبناک کرنا۔
اَلْمَحْجُ جلدی کرنا۔
اَلْمَحْسُ چمڑے کو نرم کرنے کیلیے ملنا اور رنگنا۔
اَلْمَحْشُ کھال پر سے گوشت چھیلنا۔
—الطعام بہت کھانا۔
اَلْمَحْصُ تیز دوڑنا / مذبوح کا تڑپنا۔
اَلْبَرْقُ بجلی کا چمکنا۔
اَلْمَحْضُ خالص ہونا۔
اَلْمَحْطُ تانت کو برابر کرنے کے لیے سونتنا۔
اَلْمَحْقُ مٹانا۔
اَلْمَحْلُ امیر سے چغلی کھانا۔
اَلْمَحْنُ آزمانا / کوڑے مارنا۔

اَلْمَخْجُ پانی بھرنے کے لئے ڈول کو ہلانا۔
اَلْمَخْرُ کشتی کا پانی کو آواز کے ساتھ چیرنا / عمدہ سامان لے لینا۔
اَلْمَخْضُ دودھ بلونا۔
اَلْمَخْطُ کھینچ کر لمبا کرنا۔
اَلْمَدْحُ تعریف کرنا۔
اَلْمَدْخُ بڑا ہونا۔
—فلانًا کسی کی پوری پوری مدد کرنا۔
اَلْمَدْهُ تعریف کرنا۔
اَلْمَذْعُ قسم کھانا۔
—لفلانٍ خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا
اَلضَّرْعَ تھن کو لطف دوہنا۔
اَلْمَرْحُ مذاق کرنا۔
اَلْمَرْعُ سر پر تیل ملنا۔
اَلْمَرْغُ جانور کا گھاس چرنا۔
اَلْمَزْعُ ہرن وغیرہ کا آہستہ سے دوڑنا۔
اَلْمَزْحُ ہنسی مذاق کرنا۔
اَلْمَسْحُ پونچھنا
اَلْمَسْحُ وَالْمَسَاحَةُ پیمائش کرنا۔
اَلْمَسْخُ شکل بگاڑ دینا۔
اَلْمَشْحُ اچک لینا / کمانا۔

—القطن روئی دھننا۔
—الغنم بکری کو دوہنا۔
اَلْمَشْغُ مارنا / عیب لگانا۔
اَلْمَصْحُ منقطع ہونا / نشان مٹنا / شگوفہ کا مرجھانا۔
اَلْمَصْخُ کھینچنا۔
اَلْمَصْعُ بجلی کا کوندنا / چمکنا۔
اَلْمَضْحُ عیب لگانا / ہٹانا / دفع کرنا۔
اَلْمَضْغُ چبانا۔
اَلْمَطْحُ مارنا۔
اَلْمَطْخُ شہد چاٹنا / عزت خراب کرنا۔
اَلْمَطْعُ کہیں جاکر گم ہونا۔
اَلْمَعْجُ گھوڑے کا نرمی اور تیزی سے چلنا۔
اَلْمَعْدُ جھپٹ لینا / اچک لینا۔
اَلْمَعْزُ بکریوں کو بھیڑوں سے الگ کرنا۔
اَلْمَعْسُ چیز کو زور سے ملنا۔
—الرجل توہین و بے عزتی کرنا۔
اَلْمَعْطُ کھینچنا / پر نوچنا۔
اَلْمَعْقُ ڈگڈگا کر پینا۔
اَلْمَعْنُ پانی کا نرم رفتار سے بہنا۔
اَلْمَغْثُ دوا کو پانی میں بھگونا۔

اَلْمَغْدُ چوسنا / موٹا ہونا۔
اَلْمَغْرُ جلدی سے جانا۔
اَلْمَغْسُ ہاتھ سے ٹٹولنا۔
اَلْمَغْطُ لمبا کرنے کے لیے کھینچنا۔
اَلْمَغْلُ چغلی کھانا۔
اَلْمَقْعُ حرص سے پینا / کسی پر تہمت لگانا۔
اَلْمَلْحُ
—الطعام کھانے میں نمک ڈالنا۔
—الرجل غیبت کرنا۔
—الطائر پرندے کا پھڑ پھڑانا۔
—الماء پانی کا کھاری ہونا۔
اَلْمَلْخُ ہاتھ سے یا دانت سے پکڑ کر کھینچنا۔
اَلْمَلْصُ پاخانہ کرنا۔
—الحامل حاملہ عورت کا حمل گرانا۔
اَلْمَلْعُ بکری کی کھال اتارنا۔
اَلْمَلْقُ مٹانا۔
—الثوب دھونا۔
—الولد امه بچہ کا دودھ پینا۔
اَلْمَنْحُ عطا کرنا / دودھ کا جانور کسی کو فائدہ اٹھانے کے لیے دینا۔
اَلْمَنْعُ منع کرنا / محروم کرنا۔

اَلنَّھْجُ بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا/ ماں کا دودھ پلانا۔

اَلنَّھْدُ فرش بچھانا۔

اَلنَّھْرُ ماہر و تجربہ کار ہونا/ عورت کو مہر دینا/ عورت کا مہر مقرر کرنا۔

اَلنَّھْزُ ہاتھ سے دھکیلنا۔

اَلنَّھْشُ جلانا/ ناخنوں سے کھرچنا۔

اَلنَّھْکُ باریک پینا۔

اَلنَّھْلُ تسلی سے کام کرنا۔

اَلنَّھْنُ خدمت کرنا/ اپنا پیشہ کرنا۔

اَلنَّبْحُ کتے کا بھونکنا۔

اَلنُّبَاحُ عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے آواز بھاری ہونا

اَلنَّبْرُ لڑکے کا بڑھنا/ بلند کرنا۔

اَلنَّبْغُ ظاہر ہونا/ پانی کا چشمے سے نکلنا/ فائق ہونا/ اچھے شعر کہنا۔

اَلنَّجْحُ آسان ہونا۔/ کامیاب ہونا۔

اَلنَّجْحُ فخر کرنا۔

اَلنُّجُوْعُ خوراک کا نفع مند ہونا۔

اَلنَّحْرُ ذبح کرنا۔

۔۔الصلٰوۃ اول وقت میں نماز ادا کرنا۔

۔۔المصلی فی الصلٰوۃ نمازی کا سینہ نکال کر کھڑا ہونا۔

اَلنَّھْزُ دفع کرنا/ پیچھے ہٹانا/ ہادن میں کوٹنا/ سینہ میں مکا مارنا۔

اَلنَّحْسُ منحوس و نامبارک ہونا/ بدقسمت ہونا

اَلنَّحْصُ موٹا ہونا/ موٹاپے کی وجہ سے حاملہ نہ ہونا

اَلنَّحْضُ ہڈی سے گوشت اتارنا۔

۔فُلَانًا اصرار سے سوال کرنا۔

۔السنان بھالا تیز کرنا۔

اَلنُّحُوْضُ دبلا ہونا۔

اَلنَّحْلُ بیماری یا تھکان سے دبلا ہونا۔

اَلنُّحْلُ عطیہ دینا/ مہر دینا/ گالی دینا۔

اَلنَّخْزُ لوہے سے مارنا۔

۔ہ بکلمۃ بات سے دکھ دینا۔

اَلنَّخْسُ جانور کے پہلو یا پٹھے پر نوکدار چیز (کیل، آر وغیرہ) چبھونا تاکہ وہ تیز چلے/ بھڑکانا/ اکسانا۔

اَلنَّخْشُ اذیت دینا/ حرکت دینا/ دبلا ہونا/ تیز ہانکنا۔

اَلنُّخُصُ لاغر ہونا/ جھریوں والا ہونا۔

اَلنَّخْعُ ذبح کے وقت چھری کو حرام مغز تک اتارنا

اَلنَّخْفُ بکری کا چھینکتے وقت آواز نکالنا۔

اَلنَّدْحُ چوڑا کرنا۔

اَلنَّدْغُ انگلی چبھونا/ نیزہ مارنا/ بری بات کہنا/ غمگین کرنا۔

اَلنَّزْحُ دور ہونا/ کنویں کا پانی کم ہونا۔

اَلنَّزْغُ ہاتھ سے ٹھونسنا/ عیب لگانا/ خفیف سی حرکت دینا۔

اَلنَّشْحُ مٹی بکھیرنا۔

اَلنَّسْخُ باطل کرنا/ مٹانا/ کتاب کو حرف بحرف نقل کرنا۔

اَلنَّشْحُ دانتوں کا ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔

اَلنَّشْغُ دودھ میں پانی ملانا۔

اَلنَّشْغُ سسکی لینا۔

۔الشئ چیز کو زور سے نکالنا۔

۔الطیب خوشبو سونگھنا۔

اَلنُّشُوْغُ قریب مرگ ہو کر صحت یاب ہونا۔

اَلنَّشْغُ پانی کا بہنا۔

اَلنَّصْحُ وَالنُّصُوْحُ خالص ہونا/ صاف ہونا۔

۔العمل خالص طریقہ سے کام کرنا۔

۔الثوب کپڑا سینا۔

۔توبتہٗ سچی اور پختہ توبہ کرنا

اَلنَّصْحُ وَالنَّصَاحَۃُ نصیحت کرنا/ خالص دوستی کرنا۔

اَلنُّصُوْعُ وَالنَّصَاعَۃُ خالص ہونا۔

اَللَّوْنُ بہت سفید ہونا۔

اَلنَّضْحُ برتن کا رسنا۔

اَلنَّضْخُ چھڑکنا/ تر کرنا۔

اَلنَّطْحُ سینگ مارنا/ ہٹانا/ دفع کرنا۔

اَلنَّعْبُ موذن کا لمبی گردن کر کے اذان دینا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا/ جدائی سے ڈرانا۔

اَلنَّعْتُ تعریف کرنا/ کلمہ کی صفت لانا۔

اَلنَّعْثُ لینا۔

اَلنَّعْرُ خراٹے لینا/ رگ سے خون پھوٹ نکلنا/ جوش میں آنا اور جمع ہونا۔

۔نَعَرَ فی الامر کسی کام کیلئے اٹھنا/ کوشش کرنا۔

اَلنَّعْسُ اونگھنا۔

اَلنَّعْشُ بلند کرنا/ اٹھانا/ میت کا ذکر جمیل کرنا

اَلنَّعْصُ حرکت دینا/ ٹڈی کا نباتات چرجانا

اَلنَّعْقُ

۔المؤذن موذن کا بلند آواز سے اذان دینا

۔الغراب کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

۔الراعی بغنمہٖ چرواہے کا اپنی بکریوں کو ڈانٹنا/ للکارنا۔

اَلنَّعْلُ جوتے عطا کرنا/ جانور کے نعل لگانا۔

اَلنَّغَبُ تھوک نگلنا

النَّھَلُ فی الشرب گھونٹ گھونٹ پینا۔

اَلنَّغَتُ بال کھینچنا۔

اَلنَّغْزُ بچہ کو گدگدانا / قوم میں فساد ڈالنا۔

اَلنَّغْشُ بیقرار ہونا۔

اَلنَّغْضُ پانی کے حصہ سے روک دینا یا بالکل پانی نہ دینا۔

اَلنَّغِقُ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

اَلنَّفْحُ خوشبو مہکنا۔

اَلنَّفْعُ فائدہ دینا۔

اَلنَّقْھُ ہڈی کا گودا نکالنا / رسی کی گانٹھیں کاٹ کر صاف کرنا۔

اَلنَّقْعُ آواز بلند کرنا / گریبان چاک کرنا / کسی کو قتل کرنا۔

اَلنُّقُوْعُ آواز بلند کرنا / مسلسل چلانا / سلانکس تیار کرنا۔

اَلنُّقُوْہُ صحت یاب ہونا مگر کمزوری باقی رہنا / نقاہت ہونا۔

النَّکَاحُ عورت سے شادی کرنا / بارش کا مٹی میں جذب ہونا۔

اَلنَّکْخُ مکا مارنا۔

النَّکَعُ جلدی کرنا / زد کرنا / حق روکنا / ہچکچانا / سستی کرنا / تھن پر مار کر دودھ نکالنا۔

اَلنَّھْبُ غنیمت لوٹنا / برا کہنا۔

اَلنَّھْجُ کپڑے کو بوسیدہ کرنا / واضح کرنا / راستہ بتانا

اَلنُّھُوْدُ پستان کا ابھرنا / عورت کا ابھرے ہوئے پستانوں والی ہونا۔

اَلنَّھْدُ اٹھنا / کھڑے ہونا۔

اَلنَّھْرُ خون کا زور سے بہنا / نہر کھود کر جاری کرنا / سائل کو جھڑکنا۔

اَلنَّھْزُ دفع کرنا / مارنا / سر ہلانا / بچہ کا ماں کے پستانوں پر ٹکر مارنا۔

اَلنَّھْسُ اگلے دانتوں کے ساتھ گوشت نوچنا / سانپ کا کسی کو ڈسنا / کتے کا کسی کو کاٹ لینا۔

اَلنَّھْشُ ایضاً

اَلنُّھُوْضُ کھڑا ہونا / اپنی جگہ سے اٹھنا، دشمن پر تیزی سے حملہ کرنا۔

اَلنَّھْطُ نیزے سے مارنا۔

اَلنَّھْفُ حیران ہونا۔

اَلنَّھْقُ گدھے کا جھنجھنانا / رینگنا۔

اَلنَّھْکُ کپڑے کو پہن کر بوسیدہ کرنا۔

اَلنَّھْمُ اونٹوں کو چلا کر سختی سے ہانکنا۔

اَلنَّھْبُجُ لاٹھی سے لگاتار مارنا۔

اَلنَّھْبُعُ گدھے کا سست چال چلنا۔

اَلْھُبُوْغُ سونا / نیند کرنا۔

اَلْھَتْعُ جلد متوجہ ہونا۔

اَلْھَجْعُ رات کو سونا / سونا۔

اَلْھَذْعُ توڑنا۔

اَلْھَرْفُ کسی سے متعجب ہو کر تعریف کرنا۔

اَلْھَرْقُ پانی گرانا / ڈالنا۔

اَلْھَرْضُ کپڑا پھاڑنا۔

اَلْھَطْعُ ڈر سے آگے آگے جلدی چلنا / ایک ہی طرف نظر جما کر چلنا۔

اَلْھَقْعُ گھوڑے کے داغ لگانا۔

اَلْھُکُوْعُ آرام کرنا / ٹھہرنا۔

اَلْھَنْخُ سر پھوڑنا / سر کھجور کا پھٹ جانا۔

اَلْھَتْعُ موڑنا / دوہرا کرنا۔

مصادر ثلاثی مجرد مہموز

از باب فتح یفتح

اَلْبَاَجُ چلانا۔

اَلْبَاْزُ کھودنا / چھپانا / ذخیرہ کرنا۔

الخبیر نیکی کا پوشیدہ طور پر کرنا۔

اَلْبَاْہُ سمجھنا۔

اَلْبَاْوُ فخر کرنا / تکبر کرنا۔

اَلْبُتَاُ کسی جگہ اقامت کرنا۔

اَلْبَدْءُ شروع کرنا۔

اَلْبَذْءُ ناپسند کرنا / فحش گو ہونا / بے وقوف ہونا۔

اَلْبَرْءُ وَالْبُرُوْءُ عدم سے وجود میں لانا۔ جامۂ خلقت پہنانا۔

البَکَاءَۃ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔

اَلْبَھَاُ مانوس ہونا / گھر کو سامان سے خالی کرنا

اَلْبَوَاءُ لوٹنا / بدلہ میں قتل کیا جانا۔

اَلتَّاْرُ جھڑکنا / دھمکانا۔

اَلثَّاْزُ زخم کا مندمل ہونا / بھرنا۔

اَلثَّاْرُ خون کا مطالبہ کرنا۔

اَلْجَاْبُ مال کمانا / گیرو مٹی بیچنا۔

اَلْجَاْرُ بلند آواز سے دعا کرنا / گڑگڑانا۔

اَلْجَاْذُ بیل کا ڈکارنا / سبزی کا بڑھنا / زمین کا لمبی گھاس والی ہونا۔

اَلْجَاْشُ مضطرب ہونا

اَلْجَاْفُ خوفزدہ کرنا / پھاڑنا / درخت کو جڑ سے اکھاڑنا۔

اَلجَأَلُ اون جمع کرنا / جمع ہونا۔
اَلجَأْیُ روکنا / چھپانا۔
— الثوب۔ کپڑا سینا۔
— الفرس گھوڑے کا سیاہی مائل سرخ ہونا۔
— علیہ دانتوں سے کاٹنا۔
اَلجَبْأُ وَالجُبُوْءَةُ نگاہ کا کمزور ہونا۔
— السیف تلوار کا اچٹ جانا
اَلجَزْأُ چیز کو مختلف اجزاء میں تقسیم کرنا / ایک جزو لینا
اَلجَسْأُ وَالجُسُوْءُ کام سے ہاتھ کا سخت ہونا۔
اَلجَفْأُ دریا کا جھاگ اور کوڑا کرکٹ لانا۔
— القدر ہانڈی کو انڈیل دینا / جوش میں آنا۔
— الرجل پٹک دینا۔
اَلحَبْأُ گرہ باندھنا۔
اَلحَجْأُ خوش ہونا / روکنا۔
اَلحَدْأُ ہٹا دینا / پھیر دینا۔
اَلحَزْءُ اونٹوں کو اکٹھا / جمع کرنا۔
— الشخص نمایاں کرنا۔
اَلحَضْأُ
— الرضیع شیر خوار بچہ کا خوب پیٹ بھر کر دودھ پینا
— من الماء پانی سے سیراب ہونا۔
اَلحَکْأُ گرہ باندھنا / کسنا / مضبوط کرنا۔

اَلحَمْأُ کنویں سے کیچڑ نکالنا۔
اَلحَنْأُ جگہ کا سرسبز ہونا۔
اَلخَبْءُ چھپانا
اَلخَتْأُ منع کرنا / روکنا۔
اَلخَجْأُ گھر میں چھپ کر داخل ہونا۔
اَلخَسْءُ کتے کو دھتکارنا۔
اَلخَسْأُ وَالخُسُوْءُ نظر کا تھکنا / کمزور ہونا
اَلخَطْأُ ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
اَلخَفْأُ گھر کو ڈھانا اور گرانا / مشک کو پھاڑنا۔
اَلخَلَاءُ وَالخُلُوْءُ ثابت قدم رہنا۔
اَلدَّأْبُ وَالدُّؤُوْبُ کوشش و مشقت سے کام برابر کرتے رہنا / جانور کو ہانکنا / دھتکارنا ہکانا
اَلدَّأْثُ بوجھل ہونا / کپڑے کا میلا ہونا۔
اَلدَّأْظُ برتن بھرنا۔
— الرجل پیٹ بھرے پر زبردستی کھلانا۔
اَلدَّأْظُ غیظ و غضب میں لانا / گلا گھونٹنا / زخم کو دبا کر نچوڑنا۔
اَلدَّأْظُ موٹا ہونا۔
اَلدَّأْلُ سست چال سے چلنا۔
اَلدَّأْمُ دیوار کو سہارا دینا۔

اَلذَّبْأُ لاٹھی سے مارنا / سکون پذیر ہونا۔
اَلذَّرْءُ وَالذَّرَاءَةُ زور سے دھکیلنا / ہٹانا / پھیلانا / بچھانا / سیلاب کا امڈ آنا۔
اَلذُّرُوْءُ چمکنا / روشن ہونا
اَلذُّنُوْءُ وَالذَّنَاءَةُ ذلیل و خسیس ہونا۔
اَلذَّأْبُ جمع کرنا / جانور کو ہانکنا / خوف دلانا / مذمت کرنا / لڑکے کی زلفیں بنانا / تیز چلنا / زور سے آواز نکالنا۔
— ذُئِبَ بکریوں میں بھیڑیے کا گھس آنا۔
اَلذَّأْطُ ذبح کرنا / گلا دبانا۔
— الاناء برتن بھرنا / بھر جانا۔
اَلذَّأْفُ مرجانا / فوراً مار ڈالنا۔
اَلذَّأْلُ آہستہ آہستہ ناز سے چلنا۔
اَلذَّأْمُ عیب لگانا / رسوائی کرنا۔
اَلذَّرْأُ اللہ تعالی کا مخلوق کو پیدا کرنا۔
— الشئ زیادہ کرنا۔
— الارض زمین میں کچھ بونا۔
اَلرَّأْبُ ترخن کی مرمت کرنا / اصلاح کرنا / صلح کرانا / جمع کرکے نرمی سے باندھنا۔
اَلرَّأْسُ سر پہ مارنا۔
اَلرَّأْفَةُ بہت مہربانی کرنا۔

اَلرَّأْمُ رسی کو مضبوط بٹنا / اصلاح کرنا۔
— الرجل پھیپھڑے پر مارنا۔
— الزند چقماق سے آگ روشن کرنا / ہونا۔
— الرایة جھنڈا گاڑنا۔
اَلرُّؤْيَةُ دیکھنا (آنکھ سے)
اَلرَّبْأُ چڑھنا / بلند ہونا۔
— الجبل پہاڑ سے جھانکنا۔
— فی الامر کسی امر میں غور کرنا۔
— للقوم قوم کا دیدبان و نگہبان ہونا۔
— الشئ بلند کرنا۔
— المال حفاظت کرنا / اصلاح کرنا۔
اَلرَّتْأُ وَالرُّتُوْءُ گلا گھونٹنا۔
— العقدہ گرہ سخت لگانا۔
— فی المکان اقامت کرنا۔
— الرجل چلا جانا۔
اَلرَّثْأُ دہی جمانا / دودھ گاڑھا کرنا / ملانا / غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔
اَلرَّدْأُ دیوار کو سہارا دینا / مدد کرنا / پتھر مارنا۔
اَلرَّزْأُ وَالمَرْزِئَةُ کچھ حاصل کرنا / کم کرنا / کم دینا۔
اَلرَّطْأُ قوم کو ناپسند کام میں الجھا دینا۔

اَلرَّفَأُ رفو کرنا / کپڑے کی پھٹن کو سینا / کسی کو خوف سے تسکین دینا۔
اَلرَّقَأُ آنسو خشک ہونا / خون کا رک جانا / صلح کرانا / فساد ڈالنا / سیڑھی پر چڑھ جانا۔
اَلرَّمْأُ وَالرُّمُوْءُ اقامت کرنا / گمان کرنا / اندازہ کرنا / زیادہ ہونا
اَلرَّنَأُ آواز کرنا / دیکھنا / سست چلنا۔
اَلرَّأْبُ ڈگڈگا کے پینا۔
اَلرَّأْجُ پھوٹ ڈالنا / اکسانا۔
اَلرَّأْدُ وَالرُّؤُوْدُ ڈرانا / گھبرانا۔
اَلزَّأْرُ (س ایضاً) شیر کا دھاڑنا۔
اَلزَّأْفُ جلدی کرانا۔
اَلزَّأْكُ مٹک کر چلنا۔
اَلزَّأْمُ جلدی مرجانا / خوف ڈٹ کے کھانا /
اَلزَّأْيُ تکبر کرنا۔
اَلزَّكَأُ مارنا / نقد دینا۔
اَلزَّنَأُ وَالزُّنُوْءُ پہاڑ پر چڑھنا / سایہ کا سکڑنا
—الرجل خوش ہونا۔ جلدی کرنا / زمین سے چمٹ جانا۔
—بولہٗ پیشاب کا رک جانا۔

اَلسَّأْبُ گلا گھونٹنا۔
—السقاء مشک کو فراخ، چوڑی کرنا۔
اَلسَّأْتُ گلا گھونٹنا۔
اَلسَّأْرُ جھوٹا چھوڑنا۔
اَلسَّأْفُ ناخن کے ارد گرد سے ہاتھ کا پھٹنا / تڑخنا۔

اَلسَّأْلُ والسؤال والمسألةُ

مانگنا / چاہنا / درخواست کرنا۔
اَلسَّرْءُ ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈے دینا۔
—المرأة عورت کا زیادہ بچے جننا۔
اَلسَّلْأُ گھی صاف کرنا۔
—سلأ السمسم تلوں سے تیل نکالنا۔
—الجذع تاپر سے کانٹے چھیلنا۔
اَلشَّأْمُ نحوست ڈالنا۔
اَلشَّأْنُ قدر و منزلت والا ہونا۔
اَلشَّطْأُ وَالشُّطُوْءُ کنارہ یا ساحل پر چلنا / مغلوب کرنا / بوجھ لادنا / نیچے گرانا / کھیتی میں بالی آنا / خوشہ نکلنا / درخت کا ٹہنی نکالنا۔
اَلشَّنْأُ وَالشَّنَاءَةُ بغض رکھنا، دشمنی کرنا۔
اَلصَّأْمُ شکر کشی کرنا
اَلصَّبْأُ مذہب تبدیل کرنا / صابی ہونا۔

اَلضَّمْأُ طلوع کرنا / برانگیختہ کرنا۔
اَلضَّأْدُ خصومت میں غالب آنا۔
اَلضَّأْزُ ظلم و زیادتی کرنا۔
اَلضَّأْنُ بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا
اَلضَّبْأُ وَالضُّبُوْءُ زمین یا درخت سے چمٹ جانا
—الصائد شکاری کا شکار کے لیے چھپنا۔
—ہ بالأرض زمین سے چمٹانا۔
—الیہ پناہ لینا۔
—منہ شرمانا
—علی القوم اچانک آپہنچنا۔
اَلضَّرْأُ چھپنا۔
اَلطَّسْأُ تخمہ ہونا / بدہضمی ہونا۔
اَلطَّنْأُ شرمانا / حیا کرنا۔
اَلظَّأْبُ نکاح کرنا / ظلم کرنا / شور کرنا / بکری کا ٹیں ٹیں کرنا۔
اَلظَّأْرُ مہربان کرانا۔
اَلعَبْأُ سامان تیار کرنا۔
اَلفَأْدُ دل پر مارنا / دل پہ لگنا / بزدل بنانا / گوشت بھوننا / روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا۔
اَلفَأْسُ مٹی کھودنا / دفن کرنا، چھپانا۔
اَلفَأْسُ لکڑی کو کلہاڑے سے پھاڑنا۔

—الرجل کلہاڑی سے مارنا۔
اَلفَأْمُ پانی سے سیراب ہونا
اَلفَثْأُ آگ بجھانا / روک دینا۔
اَلفَثْأُ ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا۔
اَلفَجْأُ جلدی کرنا / اچانک آجانا۔
اَلفَسْأُ لاٹھی سے مارنا۔
—عن کذا روکنا۔
اَلفَطْأُ توڑنا۔
اَلفَقْأُ پھوڑے کو چیرا دینا / شگاف کرنا۔
—العین آنکھ پھوڑنا
اَلقَأْبُ کھانا کھانا / پانی پینا۔
اَلقِرَاءَةُ وَالقُرْآنُ پڑھنا / مطالعہ کرنا۔
اَلقَرْأَةُ وبا / نوٹ: عام لوگ "قراءۃ" بمعنے پڑھنے کی کیفیت یا پڑھنا کو "قرأۃ" بولتے ہیں یہ درست نہیں
اَلقَرْأُ وَالقُرُوْءُ پڑھنا / ملانا / جمع کرنا۔
اَلقَمَاءَةُ ذلیل و حقیر ہونا۔
اَلقَمْأُ کسی جگہ داخل ہونا / قیام کرنا / رہنا / اکھاڑنا۔
اَلقُمُوْءَةُ جانور کا موٹا ہونا / خوشحالی کی وجہ سے کسی جگہ اقامت کرکے فربہ ہونا۔

اَلْقُنُوْءُ نہایت سرخ ہونا / داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا.

اَلْقَنْأُ ڈاڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا.

اَلْكَأَجُ بہت بے وقوف ہونا.

اَلْكَأْدُ دل شکستہ اور رنجیدہ ہونا / غم سے برا حال ہونا.

اَلْكَأْصُ ذلیل کرنا / مغلوب کرنا / زیادہ کھانا

اَلْكَأْلُ قرض کے بدلے کوئی چیز خریدنا، بیچنا /

اَلْكَأْنُ سخت ہونا.

اَلْكَأْيُ گفتگو سے تکلیف پہنچانا.

اَلْكَثْأُ دودھ کا پانی کے اوپر آنا اور صاف پانی کا نیچے آنا / کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا

اَلْكَثْأُ ہانڈی کا جھاگ دینا / ڈاڑھی کا لمبا گھنا ہونا

اَلْكَذْأُ (ف س) نباتات کا مرجھا جانا.

اَلْكَسْأُ پیچھا کرنا / چوپائے کو ہانکنا / جھگڑے میں غالب آنا / تلوار سے مارنا.

اَلْكَشْأُ کسی چیز کو چھپانا / کسی چیز کو اگلے دانتوں سے لکڑی کی طرح کاٹ کر کھانا.

اَلْكَفْأُ پھرنا / شکست کھانا / لوٹنا.

— عن القصد میانہ روی سے تجاوز کرنا.

— الرجل دھتکارنا.

اَلْكَلَأُ وَالْكِلَاءَةُ حفاظت کرنا / کوڑے مارنا / بار بار دیکھنا / عمر کا ختم ہونا.

اَلْكَمْأُ سانپ کی چھتری، ایک خود رو پودا / کھلانا.

اَللَّأْطُ اصرار کرنا / سختی کرنا.

اَللَّأْظُ اداس کرنا / دھتکارنا / مقابلہ کرنا / سختی کرنا.

اَللَّأْفُ اچھے طریقے سے کھانا.

اَللَّأْمُ کمینہ ہونا / زخم بند کرنا. درست کرنا / اکٹھی کر کے باندھنا.

اَللَّبْأُ بکری کی پیوسی دوہنا / کھیتی کو پہلی بار پانی دینا / پیوسی پلانے کے لیے بچہ کو تھن سے لگا دینا.

اَللَّتْأُ دھکا دینا / جنم دینا / پتھر مارنا / گھورنا / کم کرنا / ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا.

اَللَّجْأُ قلعہ وغیرہ میں پناہ لینا.

اَللَّزْأُ دینا / برتن بھرنا / مویشی کو سیر کرانا.

اَللَّطْأُ پیٹھ پر لاٹھی مارنا / زمین سے چمٹنا /

اَللَّفْأُ لکڑی چھیلنا / ہڈی سے گوشت اتارنا / ہوا کا بادلوں کو پراگندہ کرنا / روکنا / ہٹانا / غیبت کرنا / حق گھٹا دینا / پورا پورا دینا.

اَللَّكْأُ پچھاڑنا / کسی کو کوڑے سے مارنا / زمین پر پٹک دینا / پورا حق دینا.

اَللَّمْأُ چوری سے لے لینا / حق سے انکار کرنا.

اَلْمَأْدُ نباتات کا لہلہانا / تروتازہ ہونا / نرم ونازک ہونا.

اَلْمَأْدُ مشک کو کشادہ کرنا.

... بین القوم قوم میں فساد ڈالنا.

اَلْمَأْسُ غضبناک ہونا / فساد برپا کرنا / رنگریز کا چمڑے کو ملنا.

اَلْمَأْشُ ہٹانا / بارش کا زمین کو سیراب کرنا.

اَلْمَأْلُ موٹا ہونا.

اَلْمَأْنُ ناف پر مارنا / چوکنا رہنا.

اَلْمَرْأُ کھانا.

اَلْمَلْأُ بھرنا / پر کرنا.

اَلنَّأْتُ گریہ وزاری کرنا / حسد کرنا.

اَلنَّأْثُ دور ہونا / دیر لگانا / کوشش کرنا.

اَلنُّؤُوْجُ ملک میں جانا.

— الامر معاملہ کو معرض التواء میں ڈالنا.

اَلنَّأْجُ بیل کا آواز نکالنا.

اَلنَّأْدُ حسد کرنا / مصیبت نازل ہونا / زمین کا بہت چشموں والی ہونا

اَلنَّأْرُ لوگوں میں ہیجان ہونا.

اَلنَّأْشُ پکڑنا، گرفت کرنا.

— الامر موخر کرنا.

— ہ اللہ زندہ کرنا اور بلند کرنا.

— الرجل من مکانہ جگہ سے اٹھنا.

اَلنَّأْفُ کوشش کرنا.

اَلنَّأْلُ گھوڑے کا ہل ہل کر چلنا.

اَلنَّئِيْمُ آہستہ رونا / آہ بھرنا / کمان کا آواز کرنا / شیر کا دھاڑنا.

اَلنَّأْيُ دور ہونا. —

اَلنَّبْأُ وَالنُّبُوْءُ بلند ہونا / دور ہونا.

اَلنَّبْأُ آہستہ آواز نکالنا.

اَلنَّتْأُ اپنی جگہ سے ہٹنا مگر جدا نہ ہونا.

— الثدی بلند ہونا / پھولنا.

اَلنُّتُوْءُ زخم کا سوجنا.

— الثدی پستانوں کا ابھرنا.

— الجاریۃ لڑکی کا بالغ ہونا.

— علی القوم ظاہر ہونا.

اَلنَّجْأُ نظر بد لگانا.

اَلنَّدْأُ ڈرانا / خوف زدہ کرنا.

— اللحم گوشت کو آگ میں دبانا.

اَلنَّسْأُ چوپایہ کو ڈانٹنا / ہانکنا / حوض سے ہٹانا / موخر کرنا.

— فی البیع دھوکہ دینا۔ نگہبانی کرنا۔
اَلنَّشَاَۃُ وَالنَّشَاُ پیدا ہونا / زندہ ہونا / بچہ کا جوانی کو پہنچنا / گھٹا اٹھنا۔
اَلنَّکَاُ زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیلنا / خون ریزی کرنا / دشمن میں قتل و غارت ڈالنا۔
اَلْھَنْتَاُ لاٹھی وغیرہ سے مارنا۔
— الطعام کھانا کھانا۔
اَلْھَنْعَا وَالْھُجُوْعُ بھوک کا بند ہونا / زائل ہونا۔
— الطعام کھانا کھانا / کھانے کا کسی کو آسودہ کرنا۔
— بطنہ پیٹ بھرنا۔
اَلْھَدْاُ ساکن ہونا / آرام کرنا / ٹھہرنا / کسی جگہ اقامت کرنا / مرنا۔
ھَدَاَتِ الرِّجْلُ والعین لوگ سو گئے۔
اَلْھَذْاُ جلدی کاٹنا۔
— العدو دشمن کو ہلاک کرنا۔
— فلانا بلسانہ زبان سے ایذا دینا / ناپسند باتیں سنانا /
— الکلام لغو باتیں کرنا۔
ھَذَاَتِ الابل اونٹوں کا تھکان سے گر پڑنا۔
اَلْھُرَاُ فحش اور بے ہودہ کلام کرنا۔
اَلْھُرَاءَۃُ

اَلْبَرْدُ فلانا سردی کا کسی کو ہلاک کر دینا۔
ھَرَاَتِ الریح ٹھنڈ کا سخت ہونا۔
— اللحم گوشت کو بہت پکانا۔
اَلْھَنْزَاُ توڑنا / سردی سے مار ڈالنا / ہلانا / ہرنا
اَلْھَمَاُ کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا / پرانا کرنا۔

مصادر ثلاثی مجرد مثال

از باب فَتَحَ یَفْتَحُ

اَلْوَثْاُ صدمہ کا گوشت کو مردہ کرنا / کھونٹی کے سروں کو ضربوں سے چوڑا کرنا۔
اَلْوَثَاجَۃُ گاڑھا ہونا / گھوڑے کا موٹا ہونا / کسی جگہ کا بہت گھاس والی ہونا۔
اَلْوَجْاُ چھری یا ہاتھ سے مارنا / کھجور کوٹنا /
اَلْوَجْعُ بیمار ہونا / دردمند ہونا / سرد ہونا۔
اَلْوَجْلُ ڈر میں بڑھ جانا۔
اَلْوَحْرُ دس س ایضاً / سخت ناراض ہونا / سینہ کا کینہ سے بھر جانا۔
اَلْوَدْعُ چھوڑنا / مال ودیعت کے طور پر رکھنا / ٹھہرنا / محفوظ کرنا / مطمئن ہونا / مسافر کا لوگوں کو آرام میں چھوڑنا۔

اَلْوَذْاُ ڈانٹنا / حقیر سمجھنا / عیب لگانا۔
اَلْوَذْعُ پانی کا بہنا۔
اَلْوَزْاُ دفع کرنا / ہٹانا / شکم سیر ہونا۔
اَلْوَسْعُ رزق میں فراخی دینا / مالدار بنانا۔
اَلْوَشْعُ ملانا / روئی کو لپیٹنا / بلند ہونا / ...ری کا پھولدار ہونا۔
اَلْوَضْعُ پوشیدہ کرنا۔
اَلْوَضَاءُ خوبروئی / حسن و پاکیزگی میں مقابلہ ...نا اور غالب آنا۔
اَلْوَضْعُ کمینہ بنانا / ذلیل کرنا / گردن مارنا / ...ت گھٹنا / مقاتلہ کرنا / روکنا۔
اَلْوَضْعُ
— الجنابۃ عنہ ناپاکی دور کرنا۔
— عصاہ ٹھہرنا / اقامت کرنا۔
— المرأۃ خمارھا بے اوڑھنی کے ہونا۔
— الشئ بین یدیہ چیز کو سامنے ...چھوڑ دینا۔
— الجزیۃ او الحرب ساقط کرنا۔
الوضع والموضوع رکھنا / ہاتھ سے ...نا / مرتبہ سے گھٹانا / قرض سے کچھ چھوڑنا / ...ونٹ کا سر جھکا کر تیز چلنا۔

— المرأۃ حملھا جننا۔
اَلْوَطْاُ تیار کرنا / آسان کرنا۔
اَلْوُقُوْعُ چیز کا ہاتھ سے گرنا / ثابت ہونا۔
— القول علیھم واجب ہونا۔
— الابل اونٹ کا بیٹھنا۔
اَلْوَکْعُ ڈسنا / سرزنش کرنا / ناک توڑنا / دودھ پیتے وقت بچہ کا اپنی ماں کے تھن پر سر مارنا۔
اَلْوَلْعُ حق تلفی کرنا / جھوٹ بولنا / دوڑنے میں ہلکا پھلکا ہونا۔
اَلْوَھْبُ وَالْھِبَۃُ مال بخشنا / ہبہ کرنا

مصادر ثلاثی مجرد صحیح از باب سَمِعَ یَسْمَعُ

اَلْبَتَرُ کٹ جانا / اللہ تعالیٰ کا کسی کو بے اولاد کر دینا.
اَلْبَتَعُ مضبوط پٹھوں والا ہونا.
اَلْبَجَحُ خوش ہونا.
اَلْبَجَرُ باہر نکلی ہوئی اور موٹی ناف والا ہونا / بڑے پیٹ والا ہونا / پیٹ بھرنے پر بھی سیراب نہ ہونا.
اَلْبَحَرُ ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا / سخت پیاس کے سبب سیراب نہ ہونا.
اَلْبَخَرُ گندہ دہن ہونا.
اَلْبَخُوعُ وَالْبَخَاعَةُ حق کا اقرار کرنا / حق مان لینا.
اَلْبَخَلُ کنجوس ہونا.
اَلْبَذَعُ زمین پر گھسٹنا / برائی یا گندگی سے آلودہ ہونا.
اَلْبَذَلُ ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا.
اَلْبَذَخُ تکبر کرنا / بڑی شان والا ہونا.
اَلْبَرَتُ حیران ہونا.
اَلْبَرَجُ فراخ حال ہونا / رزق میں کشائش والا ہونا.

اَلْبَرَاحُ جگہ چھوڑنا / جدا ہونا / زائل ہونا.
اَلْبَرَسُ مقروض پر سختی کرنا.
اَلْبَرَشُ سفید داغوں والا ہونا.
اَلْبَرَصُ برص کی بیماری میں مبتلا ہونا.
اَلْبَرَمُ تنگ دل ہونا / بے قرار ہونا.
اَلْبَرَهُ بدصورت ہونا.
اَلْبَزَخُ ابھرے ہوئے سینے، دبی ہوئی پیٹھ والا ہونا.
اَلْبَشَعُ بدمزہ ہونا / تنگی میں ہونا.
اَلْبَشَعُ بدشکل ہونا.
اَلْبَشَمُ بدہضمی ہونا / کسی چیز سے اکتا جانا.
اَلْبَطَرُ زیادہ نعمت میں پڑ کر اترا جانا / بہک جانا / تکبر کی وجہ سے حق کو نہ ماننا / پسندیدہ چیز کو ناپسند کرنا / حقارت و ناشکری کرنا.
اَلْبَطَنُ بڑے پیٹ والا ہونا / توند والا ہونا.
اَلْبَغَثُ بھوری مائل سفید ہونا / غبار آلود ہونا.
اَلْبَغَرُ پانی پینا اور سیراب نہ ہونا.
اَلْبَقَرُ نگاہ کا پتھرا جانا / آپریشن سے عورت کا بچہ نکالنا.
اَلْبَقَعُ پرندہ کا مختلف رنگ والا ہونا.

اَلْبَكَمُ وَالْبَكَامَةُ گونگا ہونا.
اَلْبَلَدُ کشادہ ابرو ہونا.
اَلْبَلَقُ متحیر ہونا / سیاہ و سفید داغوں والا ہونا.
اَلْبَلَهُ وَالْبَلَاهَةُ ضعیف العقل ہونا / کمزور رائے والا ہونا.
اَلْبَنَشُ شر اور برائی سے بھاگنا.
اَلْبَهَتُ ہکا بکا رہ جانا / حیرانی سے خاموش اور دم بخود ہونا.
اَلْبَهَجُ خوش اور مسرور ہونا.
اَلتَّرَبُ جگہ کا زیادہ مٹی والا ہونا.
اَلتَّرَبُ محتاج و خاک نشین ہونا.
اَلتَّرَحُ مشکل پانا.
اَلتَّفَلُ تیل اور خوشبو نہ لگانے سے جسم کا بدبودار ہونا.
اَلتَّلَهُ حیران ہونا / چیز کا تلف ہونا.
اَلثَّجَلُ بڑے پیٹ والا ہونا.
اَلثَّدَنُ گوشت کا بدبودار ہونا.
اَلثَّعَطُ گوشت یا پانی کا بدبودار ہونا / دانتوں کا ایک دوسرے پر نکلنا.
اَلثَّقَفُ ذہین / دانا / ہوشیار ہونا.
اَلثَّكَلُ بچہ کھونا / گم کرنا.
اَلثَّلَبُ کسی چیز کا رخنہ والی ہونا.

اَلْجَلَدُ کھال کا سکڑنا.
اَلثَّمَلُ شراب سے مست و مخمور ہونا.
اَلْجَحَوظُ آنکھ کا ابھرے ہوئے ڈھیلے والی ہونا.
اَلْجَدَلُ آدمی کا سخت جھگڑالو ہونا.
اَلْجَذَمُ کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا.
اَلْجَرَبُ کھجلی والا ہونا.
اَلْجَرَجُ انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا.
اَلْجَرَحُ زخمی ہونا.
اَلْجَرَزُ زمین کا بنجر ہونا.
اَلْجَرَضُ غم و رنج کے باعث بدقت تھوک نگلنا.
اَلْجَسَدُ خون کا جمنا / چپکنا.
اَلْجَشَشُ آواز کا بیٹھنا / کھانسنا.
اَلْجَعَظُ بدخلق و تندمزاج ہونا.
اَلْجَعَلُ پانی میں سیاہ کیڑوں کا بہت پیدا ہونا.
اَلْجَعَمُ کھانے کی خواہش کرنا.
اَلْجَفَسُ بدہضمی ہونا.
اَلْجَلَحُ سر کے دونوں طرف سے بال گرنا.
اَلْجَلَدُ کسی جگہ پالا پڑنا.
اَلْجَلَعُ ہونٹوں کے نہ ملنے کی وجہ سے دانتوں کا کھلنا.

اَلْجَلَفُ وَالْجَلَافَةُ اجڈ ہونا / اکھڑ ہونا۔
اَلْجَمَسُ پانی کا جم جانا۔
اَلْجَهْدُ زندگی کا تلخ ہونا / گزران مشکل ہونا۔
اَلْحُبُوْرُ خوش ہونا / زخم کا اچھا ہونا اور کچھ اثر باقی رہنا / دانتوں کا زرد ہونا۔
اَلْحُبُوْطُ عمل بیکار ہونا / اکارت جانا۔
—دم القتیل مقتول کا خون رائیگاں جانا۔
اَلْحَبَلُ المرأۃ حاملہ ہونا عورت کا۔
اَلْحَتَنُ گرمی کا شدید ہونا۔
اَلْحَثَرُ جلد کا پھنسی دار ہونا / آشوب چشم ہونا / ٹوٹے ہوئے دال ہونا۔
العسل شہد کا خراب ہونے کے سبب دانہ دار ہونا۔
اَلْحَثَلُ موٹے پیٹ والا ہونا۔
اَلْحَدَلُ ایک کندھے کا دوسرے سے بلند ہونا۔
اَلْحَذَرُ بچنا / ہوشیار اور چوکنا ہونا
اَلْحَذَلُ آنکھ کی پلکیں گرنا۔
اَلْحَرَبُ کتے کے کاٹنے سے دیوانگی والا ہونا / سخت غضبناک ہونا / ہلاکت کو بلانا / ہائے افسوس کہنا۔
اَلْحَرَثُ بدخلق ہونا۔
اَلْحَرَجُ تنگ ہونا / مجرم ہونا / آنکھ کے دھنس جانے کی وجہ سے چندھیانا / حرام ہونا / تنگ ہو کر پناہ لینا۔

اَلْحَرَدُ ناراض ہونا۔
اَلْحَرَزُ پرہیزگار ہونا
اَلْحَرَشُ کھردرا ہونا / دھوکا دینا۔
اَلْحَرَقُ بال کا گر جانا یا کٹ جانا۔
اَلْحَرَكُ کندھے یا پہلو کا کمزور ہونا۔
اَلْحَرَمُ حرام ہونا۔
اَلْحَرَمُ سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
اَلْحَزَنُ رنجیدہ ہونا / غمگین ہونا۔
اَلْحَسَرُ وَالْحَسَرَةُ تھکنا / افسوس کرنا۔
اَلْحَسَفُ ناراض ہونا / کینہ رکھنا۔
اَلْحَسَكُ غضبناک ہونا۔
اَلْحَشَمُ غضبناک ہونا / کرنا۔
اَلْحَصَبُ خسرہ کے مرض میں مبتلا ہونا۔
اَلْحَصَدُ رسی یا زرہ کا مضبوط بناوٹ والا ہونا۔
اَلْحَصَرُ بخیل ہونا / گفتگو کرنے میں رکنا / چھپانا / دل پر دباؤ محسوس کرنا / حیا سے چھوڑ دینا۔
اَلْحَصَفُ خشک کھجلی لگنا۔
اَلْحَضَلُ جانور کا مٹی یا ٹھیکری کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔
اَلْحَطَمُ بڑی عمر والا ہونا
اَلْحَفَشُ بادل کا یکبارگی زور کی بوچھاڑ برسا کر رک جانا۔

اَلْحَقَبُ بارش کا رک جانا۔
—المعدن معدن کا ختم ہونا۔
اَلْحَقَلُ اونٹ یا گھوڑے کا مٹی کھانے سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
اَلْحَكَرُ اصرار کرنا / ضد کرنا / جھگڑالو ہونا۔
اَلْحَلَبُ بال کا کالا ہونا۔
اَلْحَلَسُ کسی جگہ جم کر رہنا / کام کیلئے چپک لگانا۔
اَلْحَلَطُ رنجیدہ ہونا / تنگ ہونا / ناراض ہونا
اَلْحَلَقُ گلے میں شکایت ہونا
اَلْحَلَمُ چمڑے میں کیڑے پڑنا / خراب ہونا۔
اَلْحَمْدُ تعریف کرنا
—ہٗ علی امرٍ بدلہ دینا۔
اَلْحَمَشُ آدمی کا باریک پنڈلیوں والا ہونا۔
اَلْحَمَضُ کھٹا ہونا۔
اَلْحَمَاقَةُ بیوقوف ہونا۔
اَلْحَنَبُ کبڑا ہونا۔
اَلْحِنْثُ باطل کی طرف مائل ہونا۔
—فی یمینہٖ قسم توڑنا۔
اَلْحَنَفُ ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔
اَلْحَنَقُ سخت ناراض ہونا۔
اَلْخَبَلُ وَالْخَبَالُ مجنون ہونا / پاگل ہونا۔

اَلْخَدَرُ زہر یا دوا پینے سے بے حس ہونا۔
اَلْخَجَلُ شرم و حیلے سے مضطرب ہونا۔
—الثوب کپڑے کے نچلے حصہ کا پھٹا ہوا فراخ ہونا۔
اَلْخَدَرُ عضو کا سن ہو جانا۔
اَلْخَذَمُ سست ہونا / کٹ جانا۔
اَلْخَرَسُ گونگا ہونا / بے آواز ہونا۔
اَلْخَرَعُ ٹوٹنا۔
اَلْخَرَفُ بڑھاپے کے سبب فاسد العقل ہونا۔
اَلْخَرَمُ ناک کی ہڈی کا چھید جانا
اَلْخُسْرُ وَالْخَسَارَةُ وَالْخُسْرَانُ گھاٹا پانا / نقصان اٹھانا / گمراہ ہونا / ہلاک ہونا۔
اَلْخَشَفُ اونٹ کے پورے بدن کا خارش والا ہونا۔
اَلْخَشَبُ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اَلْخَشَمُ وَالْخُشُوْمُ چوڑی ناک والا ہونا / ناک کا بدبودار ہونا۔
اَلْخَصَرُ دن کا ٹھنڈا ہونا / اعضاء میں سردی سے تکلیف ہونا۔
اَلْخَضَرُ سبز ہونا / کھیتی کا شاداب ہونا۔
اَلْخَضَعُ جھکا ہوا ہونا۔
اَلْخَضَلُ تر ہونا / نمناک ہونا / خوش عیش ہونا۔
اَلْخَطَبُ دھندلا رنگ کا ہونا۔

اَلخَطَفُ جلدی چلنا / تیز چلنا۔
اَلخَطَلُ ۔بیہودہ گفتگو کرنا۔
اَلخَلَبُ عورت کا بے وقوف ہونا۔
اَلخَلَفُ بائیں ہتھا ہونا / بھینگا ہونا / بیوقوف ہونا / اونٹنی کا حاملہ ہونا۔
اَلخَمَجُ ۔بیماری یا تھکان کی وجہ سے سست ہونا۔
—اللحم گوشت کا بدبودار ہونا۔
—دینه اوخلقه دین یا اخلاق کا خراب ہونا۔
—فلانًا کسی کو برائی سے یاد کرنا۔
اَلخَمَرُ چھپنا / کسی سے کسی خبر کا پوشیدہ رہنا۔
اَلخَنَبُ نکام والا ہونا / لنگڑا ہونا / ہلاک ہونا / کمزور ہونا۔
اَلخَنَثُ ہیجڑا ہونا / زنانہ صفت ہونا۔
اَلخَنَزُ گوشت کا بدبودار ہونا۔
اَلخَنَسُ چپٹی اور ابھری ہوئی ناک والا ہونا۔
اَلخَنَفُ سینہ یا پیٹھ کی ایک طرف کا دوسری طرف کے مخالف ہونا۔
اَلدَّخَمُ غمگین ہونا۔
اَلدَّخَسُ کثرت سے سوجنا۔
اَلدَّرَبُ ہوشیار اور ماہر کاریگر ہونا۔

—بالشئ کسی چیز کا عادی اور دلدادہ ہونا۔
اَلدَّرَجُ اپنے راستہ پر چلنا / ترقی کے مدارج طے کرنا / کلام یا دین میں سچائی پر ثابت قدم رہنا۔
اَلدَّرَحُ بوڑھا ہونا۔
اَلدَّرَدُ غضبناک ہونا / بے دانتوں کے ہونا / پوپلا ہونا۔
اَلدَّرَرُ دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا۔
اَلدَّرَعُ گھوڑے کا سیاہ بدن اور سفید سر والا ہونا۔
اَلدَّرَمُ
—العضو گوشت کا ہڈی کو چھپا لینا۔
اَلدَّرَنُ کپڑے کا میلا ہونا۔
اَلدَّسَقُ حوض کا بھرنا / بالب ہونا۔
اَلدَّسَمُ چربی والا ہونا۔
اَلدَّعَجُ آنکھ بہت سیاہ اور بڑی ہونا۔
اَلدَّعَرُ لکڑی کا دھواں دینا اور نہ جلنا / بوسیدہ ہونا۔
اَلدَّعَقُ راستہ کا بہت روندا ہوا ہونا / بہت چلتا ہوا ہونا۔
اَلدَّعَكُ بے وقوف ہونا۔
اَلدَّغَرُ بدخلق اور کمینہ ہونا / اچانک پہنچ جانا۔
اَلدَّفَرُ گوشت میں کیڑے پڑنا۔
اَلدَّفَرُ کھانے سے بھر جانا / جگہ کا سرسبز و شاداب ہونا۔

اَلدَّفَعُ تھوڑے پر راضی ہونا۔
اَلدَّقَمُ سامنے کے دانتوں کا گرنا۔
اَلدَّكَسُ کسی شے کا تہ بتہ ہونا، ڈھیر لگنا۔
اَلدَّكَنُ سیاہی مائل ہونا / کپڑے کا میلا مٹیالا ہونا۔
اَلدَّلَخُ موٹا ہونا / برتن کا بھر کر بہہ جانا۔
اَلدَّلَاصَةُ سامنے ہونا۔
اَلدَّلَمُ سخت سیاہ چمکدار ہونا۔
اَلدَّلَهُ غم یا عشق کی وجہ سے مسلوب العقل ہونا۔
اَلدَّمَسُ ہاتھ کا گندگی سے بھر جانا۔
اَلدَّمَصُ سر پر بالوں کا کم ہونا۔
اَلدَّمَلُ زخم کا اچھا ہونا۔
اَلدَّمَهُ ریت کا سخت گرم ہونا۔
اَلدَّنَسُ وَالدَّنَاسَةُ عزت و اخلاق کا عیب دار ہونا / کپڑے کا میلا ہونا۔
اَلدَّنَفُ بیمار کا مرض کی شدت سے قریب مرگ ہونا۔
اَلدَّهَسُ جگہ کا نرم ہونا۔
اَلدَّهَشُ حیران ہونا۔
اَلدَّبَرُ غصہ ہونا۔
اَلذَّعَرُ حیران ہونا / دہشت زدہ ہونا۔
اَلذَّلَقُ تلوار یا زبان کا تیز آنا۔

اَلذَّهَبُ سونے کی کان میں بہت سا سونا پاکر حیران ہونا
اَلذَّهَرُ کالے دانتوں والا ہونا۔
اَلذُّهُولُ حیران ہونا / ہکا بکا رہنا۔
اَلذَّهَنُ سمجھنا۔
اَلرَّبَثُ بند ہونا۔
اَلرَّبَحُ تجارت میں نفع حاصل کرنا۔
اَلرَّبَخُ اونٹ کا ریت میں چلنا دشوار ہونا۔
اَلرَّبَذُ چلنے میں قدم اور کام میں تیز دست ہونا
اَلرَّبَغُ زندگی میں فراخ حالی نصیب ہونا۔
—الرجل بدکار و بے حیا ہونا۔
اَلرَّتَجُ مقرر کا تقریر میں رک جانا / کلام دشوار ہونا۔
اَلرَّتَلُ اچھے انتظام و ترتیب میں ہونا۔
اَلرَّثَدُ پانی کا گدلا ہونا۔
اَلرَّثَعُ بہت حرص و لالچ رکھنا۔
اَلرَّجَبُ ڈرنا / گھبرانا / رعشا / برا سمجھنا۔
اَلرَّجَاسَةُ قبیح کام کرنا۔
اَلرَّجَلُ پیدل چلنا / ٹانگ میں تکلیف ہونا۔
اَلشَّعَرُ بالوں کا کچھ گھنگھریالے ہونا۔
اَلرَّحْمَةُ وَالْمَرْحَمَةُ رحم دل ہونا / معاف کرنا / مغفرت کرنا۔
رَحِمَتْ عورت کا ولادت کے بعد "درد رحم" میں مبتلا ہونا۔

اَلشَّبَلُ وَالشَّبَالَةُ بالوں کا لٹکنا۔
اَلصَّوْعُ چمکنا / خوشبو سے مہک جانا۔
اَلرَّصَفُ دانتوں کا ہموار اور ملے ہوئے ہونا۔
اَلرُّطُوبَةُ تر ہونا / نمناک ہونا۔
اَلرَّعْفُ وَالرُّعَافُ نکسیر پھوٹنا۔
اَلرَّعَلُ بے وقوف ہونا / شاخوں کا لمبا ہونا۔
اَلرَّغْبُ وَالرَّغْبَةُ فِيهِ، چاہنا / خواہش کرنا / محبت کرنا /
— عَنْهُ منہ پھیرنا / چھوڑنا / اعراض کرنا۔
— بِهٖ عَنْ غَيْرِهٖ ایک کو دوسرے پر فضیلت دینا / برتری دینا۔
اَلرَّغْمُ ذلیل ہونا / فروتنی کرنا۔
اَلرَّفْقُ چوڑے کانوں والا ہونا۔
اَلرُّكُوبُ وَالْمَرْكَبُ سوار ہونا۔
— اَلْبَحْرَ سمندر میں سفر کرنا۔
— اَلطَّرِيقَ راستہ پر چلنا۔
— اَلذَّنْبَ گناہ کا مرتکب ہونا۔
— اَلْخَطَرَ اپنی جان کو خطرے میں ڈالنا۔
رَكِبَهُ الدَّيْنُ مقروض ہونا۔
اَلرَّكَبُ بڑے زانو والا ہونا / موٹے گھٹنے والا ہونا۔

اَلرَّمَثُ درخت کے پتے کھانے سے بیمار ہونا / معاملہ بے ترتیب ہونا۔
اَلرَّمَدُ آنکھ دکھنا / قوم کا ہلاک ہونا۔
اَلرَّمَضُ دن کا سخت گرم ہونا۔
اَلرَّهْبَةُ وَالرُّهْبَانُ ڈرنا / خوف کرنا۔
اَلرَّنَمُ خوش آوازی سے گانا۔
اَلرَّهَقُ بے وقوف ہونا / ظلم کرنا / بدکردار ہونا / جھوٹ بولنا / جلدی کرنا۔
اَلزَّخَمُ گوشت کا بدبودار ہونا۔
اَلزَّرَبُ پانی کا بہنا۔
اَلزَّحْزَحُ جگہ سے ہٹنا۔
اَلزَّرْدُ لقمہ کو تیزی سے نگلنا۔
اَلزَّرْفُ زخم کا اچھا ہونے کے بعد پھر ہرا ہونا۔
اَلزَّرَقُ اندھا ہونا / آنکھ کا نیلا ہونا / چیز کا نیلگوں ہونا۔
اَلزَّرَكُ بدخلق ہونا۔
اَلزَّرَمُ چیز کا منقطع ہونا۔
اَلزَّعَقُ خوش ہونا۔
اَلزَّعَلُ شادمان ہونا۔
— مِنَ الْمَرَضِ اکتانا / پریشان ہونا۔
اَلزَّعَمُ لالچ کرنا۔

اَلزَّكَنُ تاڑ جانا / کسی امر کو سمجھ لینا / گمان کرنا / بھانپ لینا۔
اَلزَّلَبُ چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔
اَلزُّلُوجُ پھسلنا۔
اَلزَّلَقُ پھسلنا۔
اَلزَّمَرُ تھوڑے بالوں والا ہونا / بے مروت ہونا۔
اَلزَّمَعُ حیران ہونا۔
اَلزَّمَهُ گرمی کا تیز ہونا / بہت دھوپ لگنا۔
اَلزَّنَدُ آدمی کا پیاسا ہونا۔
اَلزُّهْدُ دنیوی خواہشات کو چھوڑ کر اپنے کو عبادت کے لیے فارغ کر لینا۔
اَلزُّهُورُ حسین و بارونق ہونا۔
اَلزَّهَفُ جلدی کرنا / چستی کرنا۔
اَلزَّهَلُ سفید چمکدار ہونا۔
اَلزُّهُمُ بدہضمی ہونا۔
اَلسَّبَطُ بالوں کا سیدھا ہونا۔
اَلسَّتَلُ پیروی کرنا۔
اَلسَّجَحُ رخسار کا نرم و ملائم ہونا۔
— خُلُقُهُ نرم اخلاق ہونا۔
اَلسَّجَفُ پتلی کمر والا ہونا۔
اَلسَّحَرُ صبح سویرے آنا / ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔

اَلسُّحْقُ دور ہونا۔
اَلسَّخَطُ ناراض ہونا / غضبناک ہونا۔
اَلسَّدَلُ مائل ہونا۔
اَلسَّدَمُ ندامت کے ساتھ غمگین ہونا / بہت چاہنا۔
اَلسَّرَبُ پانی کا بہنا / ٹپکنا۔
اَلسَّرَجُ جھوٹ بولنا / حسین چہرہ والا ہونا۔
اَلسَّرَحُ کسی کا اپنے معاملات کے لیے نکلنا۔
اَلسَّرَسُ بدخلق ہونا / جہالت کے بعد دانا ہونا / بے عقلی کے بعد دانا ہونا۔
اَلسَّرَعُ جلدی کرنا۔
اَلسَّرَفُ جاہل ہونا / خطا کرنا۔
اَلسَّرَقُ پوشیدہ ہونا / کمزور جوڑوں والا ہونا۔
اَلسَّرَكُ قوت کے بعد بدن کا کمزور رہنا۔
اَلسَّعَادَةُ نیک بخت ہونا / خوش نصیب ہونا۔
اَلسَّفَلُ بے وقوف ہونا / بری عادت والا ہونا۔
اَلسَّقَفُ لمبا اور کبڑا ہونا۔
اَلسَّقَمُ بیمار ہونا / بیماری کا دراز ہونا۔
اَلسَّكَعُ آوارہ پھرنا۔
اَلسَّلَجُ لقمہ نگلنا۔
اَلسَّلَسُ آسانی سے مطیع ہونا۔

السلوطة زبان دراز ہونا.
السلامة والسلام کسی عیب یا آفت سے نجات پانا بری ہونا / مال کا کسی کے لیے خاص ہونا.
السمرة گندم گوں ہونا.
السمع والسماعة سننا / کان لگانا / قبول کرنا.
السمانة موٹا و فربہ ہونا.
السھف سخت پیاسا ہونا / ہلاک ہونا.
السھک بدبودار ہونا.
الشبث متعلق ہونا / چمٹنا.
الشبر اکڑنا / اترانا / اندازہ کرنا.
الشبم پانی ٹھنڈا ہونا.
الشبع بیماری یا بھوک سے گھبرا اٹھنا.
الشجر بہت جمعیت والا ہونا.
الشجع لمبا ہونا.
الشحن کینہ رکھنا.
الشرب والمشرب پینا.
الشرب پیاسا ہونا / پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا.
الشطع بیماری وغیرہ کی وجہ سے گھبرانا.
الشظف تنگ گزران ہونا.

الشعث پراگندہ ہونا / بالوں کا غبار آلود اور بکھرے ہونا.
الشعر لمبے اور زیادہ بالوں والا ہونا.
الشعف فریفتہ ہونا.
الشغف کسی کی محبت میں فریفتہ ہونا.
الشفارة گھٹنا / کم ہونا.
الشفق رحم کرنا / اصلاح و بھلائی کی فکر میں ہونا / مہربان ہونا.
الشقذ نظر بد تیزی سے لگانا / بے نیند ہونا.
الشقر سرخ و زرد رنگ ہونا.
الشکع بیمار کا بہت آہ و زاری کرنا.
الشکل عورت کا ناز و انداز والی ہونا / سرخی مائل سفید ہونا.
الشمل والشمول چادر میں لپیٹنا.
الشمل شمال ہوا سے تکلیف پانا.
الشنب دن کا سرد ہونا. خوشبودار منہ سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا.
الشنج گرمی یا سردی سے کھال کا سکڑنا.
الشنف مغض رکھنا / نفرت کرنا / تاڑ جانا / سمجھ جانا.
الشھود

ـــ المجلس حاضر ہونا.
ـــ الشئی معاینہ کرنا / اطلاع پانا.
ـــ الجمعة جمعہ پانا.
ـــ علی کذا گواہی دینا.
الشھادة گواہی دینا.
الصحبة والصحابة ساتھی ہونا / دوستی کرنا / ساتھ زندگی گذارنا.
الصحر سرخی مائل مٹیالہ ہونا.
الصحل بیٹھی ہوئی اور سخت آواز والا ہونا.
الصخد دن کا سخت گرم ہونا.
الصرد تیر کا نشانہ خطا کر جانا / تیر کا نشانہ پر بیٹھنا (ضد)
الصعود چڑھنا.
الصعق بادل کا زور سے گرجنا.
الصعل چھوٹے سر اور پتلی گردن والا ہونا.
الصقع بے ہوش ہونا.
الصلخ بہرا ہونا.
الصلع گنجا ہونا / سر کے اگلے حصہ کے بال گرنا.
الصلف ڈینگ مارنا.
الصمع لاپرواہی سے گزر جانا.
الصنم غلام کا مضبوط و قوی ہونا.

الضبط دونوں ہاتھوں سے کام کرنا / ہمہ گیر بارش ہونا.
الضحک والضحک والضحک ہنسنا / کشادہ روئی کرنا کہ دانت ظاہر ہو جائیں / بادل کا چمکنا.
الضرب پودوں کا ہوا یا ٹھنڈ سے مرجھا جانا.
الضرط ہلکی داڑھی اور باریک ابرو والا ہونا.
الضرم سخت بھوکا یا غضبناک ہونا.
الضغن کینہ رکھنا.
الضمان ضامن ہونا / کفیل بننا.
ـــ ہ جمع کرنا.
الطبع گندا ہونا / بداخلاق ہونا / زنگ آلود ہونا.
الطبق ہاتھ بند ہونا / پہلو سے لگنا.
الطرب خوشی یا غم سے جھومنا.
الطرخ بدخلق ہونا / خوشحال زندگی گزارنا.
الطرد کھوج لگانا / شکار کا تعاقب کرنا.
الطرز خوشنما لباس پہننا / بدخلق ہونے کے بعد خوش اخلاق ہونا.
الطرش بہرا ہونا.
الطرط بے وقوف ہونا.

الطرق گدلا پانی پینا.
الطزم چھتے کا شہد سے بھر جانا.
الطسع بے غیرت اور مفلس ہونا.
الطعم کھانا.
الغصن ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنیوں سے الجھ جانا.
الطلب دور ہونا.
الطلس خاکستری رنگ کا ہونا.
الطمع حرص کرنا.
الطمل خون تیل وغیرہ سے لتھڑنا.
الطنخ موٹا ہونا / بدہضمی ہونا / دل پر چربی چڑھنا
الطنف متہم ہونا / بدباطن ہونا.
الظھر پیٹھ میں شکایت ہونا.
العبث مذاق کرنا / کھیل کود کرنا.
بالدین دین کی توہین کرنا.
العبد غضبناک ہونا اپنے اوپر ملامت کرنا / ناک بھوں چڑھانا.
العبر آنسو بہانا. عبرت حاصل کرنا.
العتہ کم عقل ہونا / مدہوش ہونا.
العثج آہستہ آہستہ پینا.
العثل موٹا ہونا. بکثرت ہونا.

العتن خوشبودار ہونا.
العجب پسند کرنا / متعجب کرنا.
العجر موٹا ہونا / بڑے پیٹ کا ہونا.
العجل والعجلة جلدی کرنا.
العدر پانی زیادہ ہونا / بکثرت برسنا.
العذل ظلم کرنا.
العذب کائی دار پانی ہونا.
العذم گالی دینا.
العرب بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا / ورم ہونا / لکنت کے بعد فصیح ہونا.
العرد بھاگنا / بیماری کے بعد قوی ہونا.
العرس بے خود ہونا / محبت کرنا / چمٹ جانا / ہمیشہ رہنا / باز رہنا / بخل کرنا / بزدل ہونا /
العرش متحیر ہونا / سخت پکڑنا / پھر جانا / چھوڑ دینا.
العرف خوشبو چھوڑ دینا.
العرق پسینہ آنا / دیوار تر ہونا / کاہل ہونا.
العزک سخت حملہ آور ہونا.
العسر بائیں ہاتھ سے کام کرنا.
العسر دشوار ہونا.
العسق چمٹنا / طلب میں اصرار کرنا.
العشب خشک ہونا.

العشب والعشابة سبز گھاس والا ہونا.
العشم خشک ہونا.
العصب گوشت کا زیادہ پٹھوں والا ہونا.
القوم بہ اجتماع کرنا / احاطہ کرنا.
العضب مینڈھے کا پھٹے کان والا ہونا.
العضد بازو میں درد ہونا.
العضل بہت گوشت والا ہونا.
العطب ہلاک ہونا.
العطش پیاسا ہونا / مشتاق ہونا.
العطف لمبی پلکوں والا ہونا.
العطل خالی ہونا / عورت کا بے زیور ہونا.
العطن کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا.
العظب صبر سے برداشت کرنا / موٹا ہونا.
العظر برتن کو بھرنا.
العفر خاکستری رنگ ہونا / خاک آلود ہونا.
العقد زبان کا رکنا.
العقص مینڈھے کا پیچھے کو مڑے سینگوں والا ہونا.
العقم خاموش ہونا.
العکب موٹے ہونٹ اور موٹے جبڑے والا ہونا. پاؤں کی انگلیوں کا قریب قریب ہونا.
العکر پانی کا گدلا ہونا.

العکس تنگ عادت ہونا.
العکش بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا / نباتات کا گنجان ہونا.
العکص بدخو ہونا / سرکشی کرنا.
العلج مضبوط ہونا.
العلد مضبوط ہونا.
العلز بے چین ہونا.
العلوق محبت کرنا.
العلم حقیقت علم کو پالینا / یقین کر لینا / جاننا / ادراک کرنا / مضبوط کرنا.
العلم اوپر کے ہونٹ کا پھٹنا.
العلہ منہمک ہونا / متحیر ہونا / خوف زدہ ہونا / قابل ملامت ہونا / بدفطرت ہونا / شراب پسند ہونا /
العمد لازم ہونا / غضبناک ہونا.
العمش آنکھ کا کمزور ہونا.
العمل کام کرنا / محنت کرنا / عامل بننا / حاکم اور گورنر بننا / بجلی کا لگاتار چمکنا.
العنت دشواری میں پڑنا / گناہ کرنا / مصیبت سے ہلاک ہونا / خراب ہونا / درستی کے بعد ٹوٹنا
العنس ہر وقت آئینہ دیکھنا.
العنق لمبی گردن والا ہونا.

اَلْغَبَرُ زخم کا فساد کے باوجود بھر جانا اور پھر پھوٹ پڑنا / ناسور بن جانا / گرد آلود ہونا۔

اَلْغَبَشُ آخر شب میں روشنی کا تاریکی سے مخلوط ہو کر پایا جانا۔

اَلْغَبَلُ کسی جگہ بہت سے درختوں کا اگنا۔

اَلْغَرَثُ بھوکا ہونا۔

اَلْغَرَدُ چہچہانا۔

اَلْغَرَزُ نافرمانی کے بعد اطاعت کرنا۔

اَلْغَرَضُ مشتاق ہونا۔

اَلْغَرَقُ بے پرواہ ہونا / غنی ہونا۔

اَلْغَرَلُ بچہ کا غیر مختون ہونا۔

اَلْغُرْمُ وَالْغَرَامَةُ قرض وغیرہ ادا کرنا۔

اَلْغَرَنُ گوندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔

اَلْغَزَلُ عورتوں سے باتیں کرنا / عورتوں کی خوبصورتی اور جمال کی تعریف کرنا / ان سے عشق بازی کرنا۔

اَلْغَضَبُ بغض رکھنا / غضبناک ہونا۔

اَلْغَضَرُ وَالْغَضَارَةُ آسودہ حال و مالدار ہونا / عمدہ زندگی والا ہونا۔

اَلْغَضَفُ رات کا تاریک ہونا / کانوں کا پیدائشی ڈھیلا ہونا / زندگی کا خوشگوار ہونا۔

اَلْغَطَشُ دھندلی / کمزور نظر والا ہونا۔

اَلْغَطَفُ پلکوں کا دراز ہونا۔

اَلْغَلَبُ موٹی گردن والا ہونا۔

اَلْغَلَتُ حساب میں غلطی کرنا۔

اَلْغَلَثُ سختی سے مقابلہ کرنا۔

اَلْغَلَطُ غلطی کرنا۔

اَلْغَلَفُ بغیر ختنہ کے ہونا۔

اَلْغَلَقُ تنگ دل ہونا / بد خلق ہونا / غضبناک ہونا۔

اَلْغَلَمُ وَالْغُلْمَةُ شہوت پرست ہونا۔

اَلْغَمَتُ کھانے کا دل پر ثقیل ہو کر انسان کو مدہوش کر دینا۔

اَلْغَمَرُ سینہ کا کینہ سے بھر جانا۔

اَلْغَمَشُ اشک بہنے سے چندھا ہونا۔

اَلْغَمَصُ حقیر جاننا / نعمت کی ناشکری کرنا / جھوٹ بولنا / عیب لگانا۔

اَلْغُمُوصَةُ جگہ کا پست ہونا۔

اَلْغَمَلُ پٹی کی وجہ سے زخم کا خراب ہونا / تہہ بتہہ ہونے سے بدبودار ہونا۔

اَلْغَنَثُ سانس لے کر پینا / جی متلانا۔

اَلْغَنَجُ ناز و نخرہ کرنا۔

اَلْغَنَصُ تنگ سینہ والا ہونا۔

اَلْغُنْمُ مفت پانا / غنیمت حاصل کرنا۔

اَلْفَتَلُ بعید پہلوؤں والا ہونا۔

اَلْفَجَجُ جدا جدا رانوں والا ہونا۔

اَلْفَدَعُ ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔

اَلْفَرَتُ ضعیف العقل ہونا۔

اَلْفَرَثُ شکم سیر ہونا۔

اَلْفَرَحُ خوش ہونا / اکڑنا۔

اَلْفَرَخُ چھٹنا / گھبراہٹ دور ہونا۔

اَلْفَرَعُ بہت بالوں والا ہونا۔

اَلْفَرَقُ گھبرانا۔

اَلْفَرَکُ کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔

اَلْفَرَهُ خوش ہونا / اکڑنا۔

اَلْفَزَرُ پیٹھ یا پسلی میں گانٹھ پڑ جانا۔

اَلْفَزَعُ دہشت زدہ ہونا / خائف ہونا / چاہنا / پناہ لینا / مدد کرنا / فریاد رسی کرنا / بیدار ہونا۔

اَلْفَشَلُ لڑائی اور شدت کے وقت بزدلی کرنا / دیر لگانا / باہر نہ نکلنا۔

اَلْفَضَحُ تھوڑا سا سفید ہونا۔

اَلْفَطَحُ سر یا ناک کا چوڑا ہونا۔

اَلْفَطَسُ چپٹی ناک والا ہونا۔

اَلْفُطُوسُ مرنا / رو برو کہنا / لوہے کو چوڑا کرنا۔

اَلْفَظَعُ کام کو بڑا سمجھنا اور اس کے انجام دینے کے لیے اعتماد نہ کرنا / برتن کا بھر جانا۔

اَلْفَغَمُ حریص ہونا / مشتاق ہونا / اقامت کرنا۔

اَلْفَقَرُ ریڑھ کی ہڈی میں بیماری یا ٹوٹنے سے درد ہونا

اَلْفَقَعُ گہرا رنگ ہونا / سرخ رنگ / زرد رنگ ہونا

اَلْفِقْدُ سمجھنا۔

اَلْفَکَعُ وَالْفُکُوعُ غم یا غصہ کی وجہ سے سر جھکانا۔

اَلْفَکَهُ وَالْفَکَاهَةُ خوش طبعی ہنسانے والا ہونا۔

اَلْفَلَجُ قدموں / ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا / فالج زدہ ہونا۔

اَلْفَلَحُ نیچے کا ہونٹ پھٹا ہوا ہونا۔

اَلْفَنَدُ سٹھیانا / بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا اور بہکی ہوئی باتیں کرنا / جھوٹ بولنا / خطا کرنا۔

اَلْفَنَعُ مالدار ہونا۔

اَلْفَهَدُ غافل ہونا / سونے میں یا انگڑائی لینے میں یا غصہ میں تیندوے جیسا ہونا۔

اَلْفَهَقُ برتن کا لبریز ہو کر چھلکنا۔

اَلْفَهْمُ جاننا / سمجھنا۔

اَلْقَبَصُ کھوپڑی کا بڑا ہونا / درد قبض لاحق ہونا / ہلکا اور چست ہونا۔

اَلْقَبُوْلُ تصدیق کرنا / لے لینا۔
اَلْقِبَالَۃُ عورت کا دائی ہونا۔
اَلْقَدَعُ باز رہنا / دیر تک دیکھنے سے نگاہ کا ضعیف ہونا۔
اَلْقُدُوْمُ وَالْمَقْدَمُ شہر میں آنا / سفر سے لوٹنا۔
اَلْقُرْبَانُ قریب ہونا۔
اَلْقَرْثُ مشقت کرنا اور کمانا۔
اَلْقَرْسُ سردی کا شدید ہونا۔
اَلْقَرْضُ مرجانا۔
اَلْقَرَفُ مرض کے قریب ہونا۔
اَلْقَرَقُ ہموار زمین پر چلنا۔
اَلْقَرَنُ دونوں ابروؤں کا ملا ہوا ہونا / بڑے سینگ والا ہونا /
اَلْقَرَۃُ مار کی زیادتی سے کھال کا چھل جانا اور نیل پڑجانا / داد کی کثرت سے جلد میں سوراخ ہوجانا۔
اَلْقَزَلُ لنگڑا ہونا۔
اَلْقَزَمُ کمینہ ولئیم ہونا۔
اَلْقَصَعُ وَالْقَصَاعَۃُ لڑکے کا جوان ہونے میں دیر کرنا۔

اَلْقَصَفُ لکڑی کا کمزور و نازک ہونا۔
اَلْقَضْمُ دانتوں کی نوک سے چبا کر کھانا۔
اَلْقَعَسُ پیدائشی طور پر سینہ آگے کو نکلا ہوا اور پیٹھ اندر کو جھکی ہوئی ہونا۔
اَلْقَعْفُ دیوار کا گرجانا۔
اَلْقَعَنُ ناک کا چھوٹا اور نوک کا بلند ہونا۔
اَلْقَفْرُ مال کم ہونا / کھانا بغیر سالن کے ہونا / مٹی جمع کرنا۔
اَلْقَفَصُ ہلکا اور چست ہونا / سردی سے سکڑنا۔
اَلْقَلْتُ ہلاک ہونا۔
اَلْقَلَحُ دانتوں پر زرد میل چڑھنا۔
اَلْقَلَقُ پریشان و بے چین ہونا۔
اَلْقَمْحُ ستو کو پھانکنا۔
اَلْقَمَدُ لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔
اَلْقُنُوْطُ ناامید و مایوس ہونا۔
اَلْقَہَمُ بھوک کا کم ہوجانا۔
اَلْکَبَدُ درد جگر میں مبتلا ہونا۔
اَلْکِبَرُ وَالْمَکْبَرُ عمر رسیدہ ہونا۔
اَلْکَبَسُ سر کا بڑا ہونا۔
اَلْکَتَعُ سکڑنا / لپٹا ہونا / مستعد ہونا / کوشش کرنا۔

اَلْکَتَفُ چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا / کندھوں کے درد میں مبتلا ہونا۔
اَلْکَتَلُ چمٹنا / گدھے کا زمین پر لوٹنے سے غبار آلود ہونا۔
اَلْکَتَنُ میل کچیل کا کسی چیز پر جمنا / دھوئیں سے سیاہ ہونا / سیاہ لب ہونا / کھجور کے درخت کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا۔
اَلْکَرَجُ روٹی کا خراب ہونا / پھپھوندی لگنا۔
اَلْکَرْہُ وَالْکَرَاہَۃُ ناپسند کرنا۔
اَلْکَرَبُ پاؤں کی ہڈیوں کا چھوٹا ہونا / سکڑنا۔
اَلْکَزَمُ بخیل ہونا / بہت شائق ہونا / پیشقدمی سے ڈرنا / ناک یا انگلی کا چھوٹا ہونا۔
اَلْکَسَحُ ہاتھ پاؤں کی حس و حرکت کا معطل ہونا / ایک پاؤں کے بھاری ہونے پر گھسٹ کر چلنا / بوجھل ہونا
اَلْکَسَعُ سست اور کاہل ہونا۔
اَلْکَسَلُ سست ہونا۔
اَلْکَشَحُ بھاگنا / دانت نکالنا۔
اَلْکَشَعُ تنگ ہونا / بددل ہونا۔
اَلْکَشَفُ شکست کھانا / کھلی پیشانی والا ہونا۔
اَلْکَشَمُ کسی کی خلقت یا خاندان میں عیب ہونا۔
اَلْکَفَسُ بچہ کے پاؤں کا ٹیڑھا ہونا۔

اَلْکَلَبُ پیاسا ہونا / کتے کا دیوانہ ہونا / مرد کا پاگل کتے کے کاٹنے سے پاگل ہونا / کسی کام پر حریص ہونا / امید رکھنا / سیر ہوئے بغیر بہت کھانا / دیوانے کتے کا کاٹنا / سردی اور زمانے کا سخت ہونا۔
اَلْکَلَعُ سر پر میل کا خشک ہونا / سر کا میلا ہونا / چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا۔
اَلْکَلَفُ چہرہ پر چھائیاں ہونا / چہرہ پر سرخی اور مٹیالہ پن کا چھا جانا۔
اَلْکَمَشُ پھرتیلا اور مضبوط ارادے کا ہونا۔
اَلْکَمَہُ اندھا ہونا / رات کو دکھائی نہ دینا / عقل زائل ہونا / رنگ بدلنا۔
اَلْکَنَبُ ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔
اَلْکَنَعُ خشک ہونا / سکڑنا۔
اَلْکَہَمُ کمزور ہونا / تلوار کا کند ہونا۔
اَللَّبَدُ اقامت کرنا۔
اَللُّبْسُ کپڑا پہننا / کسی کی صحبت سے مدت تک فائدہ اٹھانا۔
اَللَّبَقُ ماہر ہونا / ذہین ہونا / نرم اخلاق ہونا۔
اَللَّبَنُ تکیہ کی وجہ سے گردن میں درد ہونا / بکری کا دودھ زیادہ ہونا۔
اَللَّثَغُ ہکلا ہونا۔

اَللَّثَقُ دن کا کم ہوا والا اور نمناک ہونا/ تر ہونا/ کیچڑ میں پڑنا۔
اَللَّجَبُ البحرُ سمندر کا ہیجان میں آنا۔
القومُ قوم کا شور مچانا۔
اَللَّحَبُ بڑھاپے کا کسی کو لاغر و دبلا کرنا۔
اَللَّحَزُ بخیل و کنجوس ہونا۔
اَللَّحَقُ آ ملنا/ آ پہنچنا۔
اَللَّحَکُ شہد چاٹنا۔
اَللَّحَمُ گوشت کی خواہش رکھنا۔
اَللَّحَنُ دانا و ذہین ہونا/ دلیل جان لینا۔
اَللَّخَصُ گوشت دار پپوٹوں والا ہونا۔
اَللَّخَنُ بدبودار ہونا/ بدکلام ہونا۔
اَللَّذَمُ اچھا لگنا/ بھلا معلوم ہونا/ کسی جگہ ٹھہرنا/ کسی پر شیفتہ ہونا/ حریص ہونا۔
اَللَّزَوقُ چمٹنا/ چپکنا۔
اَللَّزُومُ لازم رہنا/ ثابت رہنا۔
اَللَّسَبُ چپکنا/ شہد چاٹنا۔
اَللَّسَمُ بول نہ سکنا/ حیا کی وجہ سے چپ رہنا۔
اَللَّسَنُ خوش بیان فصیح و بلیغ ہونا۔
اَللَّصَبُ دبلے پن کی وجہ سے چمڑے کا ہڈی سے لگ جانا/ انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔

اَللَّصَفُ چمڑے کا ہڈی پر خشک ہو کر چمٹ جانا
اَللَّطَعُ دانتوں کا گرنا اور صرف انکی جڑوں کا باقی رہنا۔
اَللَّعَبُ کھیلنا/ مزاح کرنا/ لذت و تفریح کی خاطر کوئی فعل کرنا/ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی فائدہ مرتب نہ ہو۔
اَللَّغَثُ سست ہونا۔
اَللَّعَقُ شہد وغیرہ چاٹنا۔
اَللَّغَفُ برتن چاٹنا/ لقمہ بنانا۔
اَللَّغَمُ غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔
اَللَّقَصُ تنگ ہونا/ دل متلانا۔
اَللَّقَفُ حوض کا اندر سے گر کر وسیع ہونا۔
اَللَّقَمُ کھانا جلد ہڑپ کر لینا۔
اَللَّکَدُ لازم ہونا/ چمٹنا۔
اَللَّکَعُ بے وقوف ہونا/ کمینہ ہونا۔
اَللَّہَبُ پیاسا ہونا۔
اَللَّہَثُ پیاس یا تھکن کی وجہ سے کتے وغیرہ کا ہانپ کر زبان ڈال دینا۔
اَللَّہَثُ پیاسا ہونا۔
اَللَّہَجُ شیفتہ ہونا۔
اَللَّہَفُ کھوئی ہوئی چیز پر افسوس کرنا۔

...ہَمُ ہڑپ کر جانا/ ایک ہی بار نگل جانا/ ...ل کا گھونٹ لینا۔
...ـتَہُ بے ہودہ اور فضول باتوں میں مشغول ہونا
...ثَنُ مثانہ میں پیشاب نہ روک سکنا۔
...جَرُ پیٹ کا پانی سے بھرنا مگر سیراب نہ ہونا۔
...جَعُ جھوٹ بولنا۔
...حَجُ جھوٹ بولنا
...حَضُ خالص دودھ پینا۔
...حَلُ وَالمَحُولُ قحط زدہ ہونا۔
...خَاضُ حاملہ کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔
...ذَشُ بھوک وغیرہ سے آنکھ کا چندھانا۔
...ذَجُ چیز کا کشادہ ہونا/ پھولنا۔
...ذَحُ رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں/ ...وں یا سرینوں کا جلنا/ سوزش کرنا۔
...ذَرُ انڈے کا گندا ہونا/ پانی کے خزانے کی ... بہت آمد و رفت رکھنا۔
...رَثُ صابر و بردبار ہونا۔
...رَجُ خراب و فاسد ہونا۔ انگوٹھی کا انگلی ... ڈھیلا ہونا۔
...رَحُ وَالمَرَحَانُ کھیتی میں بالی آنا/ خوشہ ...ا/ بادل کا بارش برسانا/ آنکھ کا خراب ہونا اور ... ہونا۔

اَلمَرَخُ لمبی شاخوں اور اچھے پتوں والا ہونا۔
اَلمَرَدُ وَالمُرُودَةُ لڑکے کا دیر تک بے ریش ہونا۔
اَلمَرَسُ وَالمِرَاسَةُ محنت کرنا/ مشق کرنا/ مہارت پیدا کرنا/ ہمیشگی کرنا۔
اَلمَرَضُ بیمار ہونا۔
اَلمَرَطُ کم بال/ بے بال یا نُچے ہوئے بالوں والا ہونا۔
اَلمَرَعُ جگہ کا سرسبز ہونا۔
اَلمَرَغُ عزت کا خراب و داغدار ہونا۔
اَلمَرَہُ سرمہ نہ لگانے سے آنکھ خراب ہونا۔
اَلمَشَطُ ہاتھ میں پھانس چبھنا/ ہاتھ کا کام کاج کرنے سے کھردرا ہونا۔
اَلمَشَظُ کانٹا چبھنا۔
اَلمَعَرُ بال کم ہونا/ پیشانی گنجی ہونا/ ناخن کا چوٹ وغیرہ سے گر جانا۔
اَلمَعَنُ سخت ہونا۔
اَلمَعَصُ پاؤں میں موچ آنا۔
اَلمَغَصُ غضبناک ہونا۔
اَلمَعَطُ بھیڑیے کا گرے ہوئے بال والا ہونا۔
اَلمَغَنُ پانی سے سیراب ہونا۔
اَلمَغَصُ آنتوں میں مروڑ ہونا۔

اَلْمَقَهُ سرخ پلکوں والا ہونا۔
اَلْمَكَرُ سرخ ہونا۔
اَلْمَلَدُ ٹہنی کا نرم ہونا / ہلنا۔
اَلْمَلَصُ چکناہٹ کی وجہ سے ہاتھ سے چیز کا پھسلنا
اَلْمَلَطُ وَالْمُلْطَةُ بے بال کے جسم والا ہونا۔
اَلْمَلَقُ چاپلوسی کرنا / خوشامد کرنا۔
اَلْمَهَقُ بہت سفید ہونا۔
اَلْمَهَلُ بھلائی میں آگے بڑھنا۔
اَلنَّبَهُ نیند سے جاگنا۔
اَلنَّجَدُ کسی کو کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا / تھکنا / کند ذہن ہونا۔
اَلنَّجَرُ سخت پیاس لگنا۔
اَلنَّجَزُ ختم ہونا / فناء ہونا۔
اَلنَّجَسُ گندا ناپاک ہونا۔
اَلنَّجَلُ موٹی خوبصورت آنکھوں والا ہونا۔
اَلنَّحَزُ کھانسنا۔
اَلنَّحَفُ دبلا ہونا۔
اَلنَّخَرُ بوسیدہ ہو کر ریزہ ریزہ ہونا۔
اَلنَّخَسُ نچلے حصے سے بوسیدہ ہونا
اَلنَّحَصُ کم گوشت ہونا۔
اَلنَّخَعُ لکڑی یا نباتات سے پانی رسنا / حق کا اقرار کرنا۔

اَلنَّخَمُ کھنکارنا / ناک صاف کرنا۔
اَلنَّدَبُ پیٹھ کا زخم سے نشان والی ہونا۔
اَلنَّدَسُ سمجھدار و ہوشیار ہونا۔
اَلنَّدَمُ وَالنَّدَامَةُ نادم و پشیمان ہونا۔
اَلنَّذَرُ چوکنا ہونا / تیاری کرنا۔
اَلنَّزَلَةُ نزلہ ہونا / کھیتی کا بڑھنا۔
اَلنَّزَاهَةُ پاک دامن ہونا / جگہ کا صحت افزا ہونا / برائی سے پاک ہونا۔
اَلنَّشَبُ چمٹنا / لگ جانا۔
اَلنَّشَاطُ چست ہونا / ہشاش بشاش ہونا۔
اَلنَّشَفُ کپڑے کا پسینے یا پانی کو جذب کر لینا۔
اَلنَّشَقُ سونگھنا / پھندے میں پھنسنا۔
اَلنَّصَبُ تھکنا / کوشش کرنا۔
اَلنَّضَجُ پھل وغیرہ کا پکنا۔
اَلنَّطَسُ ماہر ہونا / دانا ہونا۔
اَلنَّطَفُ عیب دار ہونا / متہم ہونا۔
اَلنَّعَتُ اچھی صفات دکھانا۔
اَلنَّعَسُ جھکنا۔
اَلنَّغَرُ بہت پانی پینا / کینہ رکھنا۔
اَلنَّفَدُ ختم ہونا / فناء ہونا۔
اَلنَّغَشُ بحال کرنا۔

اَلنَّفَطُ ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔
اَلنَّقَهُ تھکنا۔
اَلنَّقَدُ دانت یا سینگ کا ٹوٹنا یا کھایا ہوا ہونا۔
اَلنَّقَسُ عیب لگانا / مسخری کرنا۔
اَلنَّكَبُ راستہ سے ہٹ جانا۔
اَلنَّكَدُ گزران کا تنگ ہونا۔
اَلنَّكَرُ انجان و نا واقف ہونا۔
اَلنَّكَظُ جلدی کرنا۔
اَلنَّكَعُ ناک چھلا ہونا۔
اَلنَّكَفُ ناک بھوں چڑھانا / باز رہنا / بیزار ہونا۔
اَلنَّمَرُ غضبناک و بدخلق ہونا۔ بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا۔
اَلنَّمَسُ گھی یا تیل کا خراب ہونا۔
اَلنَّهَكُ وَالنَّهَكَةُ سخت سزا دینا / بخار کا کسی کو دبلا کرنا۔
اَلنَّهَلُ پہلی بار کا پینا / پیاسا ہونا۔
اَلنَّهَمُ کھانے میں حریص ہونا۔
اَلنَّهَجُ بھوکا اور ڈھیلے پیٹ والا ہونا / کوکھوں کا پہلوؤں سے لگا ہونا۔
اَلْهَدَفُ آنکھ کا لمبی پلکوں والی ہونا۔

اَلْهَدَلُ ڈھیلا ہونا۔
اَلْهَرَعُ تیز رفتار یا جلدی رونے والا ہونا۔
اَلْهَرَمُ بہت بوڑھا کمزور ہونا۔
اَلْهَرَبُ بوڑھا ہونا۔
اَلْهَرَتُ وسیع و کشادہ ہونا۔
اَلْهَرَجُ گرمی یا چلنے سے سانس چڑھنا۔
اَلْهَرَدُ گوشت کا پک کر ریزہ ریزہ ہونا۔
اَلْهَرَذُ ہلاک کرنا / مرنا۔
اَلْهَرَسُ پیٹو ہونا / چھپا کر کھانا۔
اَلْهَرَشُ بدخلق ہونا۔
اَلْهَرَضُ خشک کھجلی والا ہونا۔
اَلْهَزَقُ چست ہونا۔
اَلْهَضَمُ نازک و پتلی کمر والا ہونا۔
اَلْهَكَعُ مطیع ہونا / خاکساری کرنا / گھبرانا۔
اَلْهَلَعُ گھبرانا / بھوکا ہونا / حریص ہونا۔
اَلْهَنَعُ جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔

مصادر ثلاثی مجرد مہموز از باب سَمِعَ یَسْمَعُ

اَلْأَبَتُ دن کا سخت گرم ہونا۔

اَلْأَبْثُ شیر شتر پی کر مدہوش سا ہو جانا۔
اَلْأَبَدُ وحشی اور جنگلی ہونا / غصہ ہونا۔
اَلْأَبْصُ خوشی ہونا / شادمان ہونا۔
